وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ہیڈ آفس، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی سیکرٹری پٹرولیم، چیئرمین اوگرا اور سوئی گیس سربراہان کو طلب کر کے ہدایات وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اعجاز احمد قریشی سیکرٹری پٹرولیم نے ساٹھ ہزار سے کم مالیت کے زیر سماعت کیس عدالتوں سے واپس لینے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سوئی گیس سے متعلق بڑی تعداد میں شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری پٹرولیم، چیئرمین اوگرا اور سوئی گیس سربراہان کو شکایت کنندگان کو فوری ریلیف دینے کے لئے موثر نظام وضع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد میں کوتاہی اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ گیس کمپنیوں کو عوامی شکایات کے ازالے اور شکایت کنندگان کو ریلیف دینے کے لئے کچھ انتظامی اصلاحات کرنے کی ضرورت ہے، وزارت پٹرولیم اور اوگرا اس عمل کی نگرانی کریں۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات گزشتہ روز سیکرٹری پٹرولیم، چیئرمین اوگرا اور گیس سربراہان کو اپنے دفتر طلب کر کے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کے دوران دیں۔ اجلاس میں سیکرٹری وفاقی محتسب افضل لطیف، سیکرٹری پٹرولیم کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد محمود، چیئرمین اوگرا مسرور خان، سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر اوگرا شہزاد اقبال، ایم ڈی ایس این جی پی ایل علی جاوید ہمدانی، ایم ڈی ایس ایس جی پی ایل عمران منیار کے علاوہ مذکورہ اداروں اور وفاقی محتسب کے دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں شکایت کنندگان کی جائز شکایات پر فوری ریلیف دینے کے لئے بعض اہم فیصلے کئے گئے۔ وفاقی محتسب نے خبردار کیا کہ صدر پاکستان کے فیصلوں کے خلاف عدالتوں میں جانا کابینہ کی ہدایات کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ سیکرٹری پٹرولیم کو اس کا نوٹس لینا چاہیئے۔ اجلاس کے دوران ہی سیکرٹری پٹرولیم نے سوئی گیس کمپنیوں کو ساٹھ ہزار سے کم مالیت کے زیر سماعت کیس عدالتوں سے فوراً واپس لینے کے ساتھ ساتھ وزارت پٹرولیم اور تمام کمپنیوں میں وفاقی محتسب کے لئے گریڈ 20 کے افسر کو فوکل پرسنز مقرر کرنے کی ہدایات جاری کیں جبکہ وفاقی محتسب نے سوئی گیس کمپنیوں کو بقایا جات آسان اقساط میں وصول کرنے کے لئے پیکج تیار کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں یہ بھی طے پایا کہ وزارت پٹرولیم اور گیس کمپنیوں کے فوکل پرسنز وفاقی محتسب کے ایڈوائزروں سے مل کر باہمی مشاورت سے پیچیدہ کیسوں میں حائل رکاوٹیں دور کریں گے تا کہ شکایات کنندگان کے مسائل جلد سے جلد حل ہو سکیں۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

یکم جنوری 2023ء